31771 ـ سردی کے لیے کمبل خریدنے میں ہمارے ساتھ تعاون کریں

سوال

بعض خیراتی تنظیمیں ٹھنڈے علاقوں کے لوگوں کے لیے چندہ جمع کرتی ہیں، اور ان کا ماٹو یہ ہوتا ہے مثلا " سردیوں کے کمبل خریدنے کے لیے ہمارے ساتھ تعاون کریں"
اور پھر وہ اس مال میں سے کچھ حصہ کمبلوں کی خریداری کے علاوہ دوسری اشیاء کی خریداری میں صرف کرتے ہیں جو وہاں کے فقراء و مساکین کی ضروریات ہوتی ہیں، تو کیا اس کا ایک ہی مقصد ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

اولی اور بہتر تو یہ ہے کہ اس تنظیم کو یہ عبارت استعمال کرنی چاہیے" سردیوں کی ضروریات یا سردی سے بچاؤ کی اشیاء کی خریداری میں تعاون کریں" تا کہ یہ مال کمبلوں، لباس، اور گیس سلنڈر وغیرہ کی خریداری میں استعمال ہونے کے قابل ہو.

لیکن وہ مال جو کسی معین اور خاص غرض اور مقصد کے لیے جمع کیا گیا ہو تو اسے اس معین اور محدود غرض کے علاوہ کہیں اور صرف نہیں کیا جا سکتا، لیکن اگر جب کوئی عذر یا مشکل ہو تو پھر ہو سکتا ہے.

اس کی مثال یہ ہے کہ:

ہم نے ایک بستی والوں کے لیے سردیوں کے کمبلوں کے لیے چندہ جمع کیا تو اس میں سے نصف مبلغ کے ساتھ ہی اس بستی کے کمبل کی خریداری مکمل ہو گئی، لیکن ان لوگوں کو لباس یا سردی دور کرنے کے لیے ہیٹر وغیرہ کی بھی ضرورت ہے تو بچی ہوئی رقم سے ان کی ضروریات کی اشیاء خریدنے میں کوئی حرج نہیں لیکن اگر عام ہو اور لوگوں کو کمبلوں کی ضرورت ہو تو پھر اس کے علاوہ کسی اور مد میں صرف کرنا جائز نہیں ہے.

لہذا جو چندہ اور رقم کمبلوں کی خریداری کا نام لے کر جمع کی گئی ہے تو اسے اس کے علاوہ کسی دوسری مد میں صرف کرنا جائز نہیں، لیکن اگر لوگوں کے مابین یہ مشہور ہو کہ سردیوں کے کمبل کا معنی یہ ہے کہ سردی میں استعمال ہونے والی عام اشیاء ہوں، تو پھر کوئی مسئلہ نہیں.

اس لیے اس عبارت اور ماٹو کو بدلنا چاہیے، اور اس کے بدلے میں یہ کہنا چاہیے: سردیوں کی اشیاء" یا اس طرح کی کوئی اور عبارت. انتہی

ماخوذ از کلام شیخ محمد بن عثیمین رحمه الله .